36376 - کیا قربانی کا گوشت کفار کو دینا جائز ہے ؟

سوال

کیا کافر کو قربانی کا گوشت دینا جائز ہے ؟

پسندیدہ جواب

شیخ ابن عثیمین رحمہ اللہ تعالی کہتے ہیں :

انسان کے لیے کافر پر قربانی کا گوشت ایک شرط کے ساتھ صدقہ کرنا جائز ہے کہ وہ کافر مسلمان کو قتل کرنے والوں میں شامل نہ ہوتا ہو، اور اگر وہ کافر مسلمانوں کو قتل کرنے والوں میں شامل ہے تو اسے کچھ بھی نہیں دیا جائے گا کیونکہ اللہ سبحانہ وتعالی کا فرمان ہے :

(جن لوگوں نے تم سے دین کے بارہ میں لڑائی نہیں لڑی اور تمہیں جلاوطن نہیں کیا اس کے ساتھ اللہ تعالی تمہیں ان سے حسن سلوک اور اچھا برتاؤ اور ان کے ساتھ انصاف کرنے سے نہیں روکتا بلکہ اللہ تعالی تو انصاف کرنے والوں سے محبت کرتا ہے (8)

بلکہ اللہ تعالی تو تمہیں صرف ان لوگوں کی محبت سے روکتا ہے جنہوں نے تمہیں تم دین کے بارہ میں لڑائیاں لڑی اور تمہیں تمہارے گھروں سے دیس نکالا دیا اور تمہیں دیس نکالا دینے والوں کی مدد کی جو لوگ ایسے کفار سے محبت کریں وہ ہی ظالم ہیں) الممتحنۃ (8-9) ۔ اھ.